
سبق 6
یکم اگست تا 7
روحانی نعمتیں


"محبت کے طالب رہو اور رُوحانی
نعمتوں کی بھی آرزُو رکھو۔ خصوصاً اس
کی کہ نبوت کرو" (1 کرنتھیوں 1:14)۔

واضح رہے کہ کرنتھس کی کلیسیا مختلف مسائل پر منقسم تھی۔ مبلغین کے بارے میں اختلافات پائے جاتے تھے اس کے علاوہ،، کھانے کے طریقے کے بارے میں؛ اس بارے میں کہ آیا شادی کرنا ہے یا کنوارہ رہنا؛ اور روحانی نعمتوں میں سے کس کے بارے میں سب سے زیادہ قابل عزت کونسی نعمت ہے۔

ایک بار جب اس نے ابتدائی مسائل کا جواب دیا تو، پولس دکھاتا ہے کہ کس طرح روحانی نعمتیں ایک مسئلہ نہیں بلکہ کلیسیائی اتحاد کا ایک ذریعہ ہیں (1 کرنتھیوں 12-14)

کونسی نعمت بہترین ہے؟ کونسی نہیں! کیوں؟





**روحانی نعمتیں:**

- بہت سی نعمتیں دینے والا ایک
- .بہت سے اعضا، ایک جسم

**متحد کرنے والا عضو:**

- محبت کی فضیلت

**خصوصی تحفہ:**


- زبانوں کا نعمت
- نبوت کی نعمت

# روحانی نعمتیں



# "نعمتیں تو طرح طرح کی ہیں مگر روح ایک ہی ہے" (1 کرنتھیوں 4:12)۔

## بہت سی نعمتیں، دینے والا ایک



## روحانی نعمتیں کون دیتا ہے (1 کرنتھیوں 12: 4-6)؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 کرنتھیوں 4:12 | | نعمتیں | | روح |
| 1 کرنتھیوں 5:12 | خدمتیں تو طرح طرح کی ہیں | خدمتیں | ایک خُدا ایک ہی ہے | خُدا |
| 1 کرنتھیوں 6:12 | | کام کرنا | | خُدا |

روحانی نعمتیں

دینے والا

روحانی نعمتوں اور ان کے دینے ولے کے درمیان تعلق کو سمجھنے میں ہماری مدد کرنے کے لئے، پولس رسول ان کی شناخت کے لئے تین اصطلاحات استعمال کرتا ہے: نعمتیں، خدمتیں اور آپریشنز



تاہم دینے والا ایک ہے: روح القدس، خُداوند (یسوع مسیح) اور خُدا (باپ) کہنے کا مطلب ہے تثلیث اتحاد میں کام کرتے ہیں (یوحنا 14:16)۔





رومن دیوتا (گریکیو) کی طرح خُدا نعمتیں نہیں دیتا (1 کرنتھیوں 22:1)۔ اس میں کوئی درجہ بندی نہیں، نہ ہی وصول کندگان (جیسے مثال کے طور پر پادریوں) نعمتیں حاصل کرنے والوں میں

# بہت سی نعمتیں، دینے والا ایک

"نعمتیں تو طرح طرح کی ہیں مگر روح ایک ہی ہے" (1 کرنتھیوں 4:12)۔

خُدا مختلف لوگوں کو کیوں مختلف نعمتیں دیتا ہے (1 کرنتھیوں 7:12)۔

روحانی نعمتیں کلیسیا کے فائدے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ صرف خدا ہی جانتا ہے کہ کن لوگوں کو کونسی نعمتیں دی جانی چاہیں تاکہ وہ کلیسیا کے مقصد کو حاصل کر سکیں۔



**پولس رسول کن نعمتوں کی مثال دیتا ہے جبکہ بہت سی دوسری نعمتیں بھی ہیں؟ (1 کرنتھیوں 12: 8۔10؛ رومیوں 12: 6۔8؛ افسیوں 4: 11۔12)**

| 1 کرنتھیوں 12: 8۔10 | رومیوں 12: 6۔8 | افسیوں 4: 11۔12 |
|---|---|---|
| ☆حکمت کا کلام | ☆خدمت | ☆رسول |
| ☆علمیت کا کلام | ☆معلم | ☆مبشر |
| ☆ایمان | ☆ناصح | ☆چرواہا |
| ☆شفا معجزوں کی قدرت | ☆خیرات | ☆اُستاد |
| ☆نبوت | ☆پیشوا | |
| ☆روحوں کا امتیاز | ☆رحم | |
| ☆طرح طرح کی زبانیں | | |
| ☆زبانوں کا ترجمہ | | |

# ایک جسم، بہت سے اعضاء

"کیونکہ جس طرح بدن ایک ہے اور اُس کے اعضا بہت سے ہیں اور بدن کے سب اعضا گو بہت سے ہیں مگر باہم مل کر ایک ہی بدن ہیں اُسی طرح مسیح بھی ہے" (1 کرنتھیوں 12:12)۔



خُدا ایک ہے، لیکن تثلیث کے ہر رکن کا اپنا کام ہے۔ اسی طرح کلیسیا ایک ہے لیکن اس کے ہر جزو کا زمین پر مسیح کے جسم کے حصے کے طور پر اپنا اپنا کام ہے (1 کرنتھیوں 12: 12-13)۔



پولس رسول کلیسیا میں اتحاد کو اُجاگر کرنے کے لئے انسانی جسم کی تشبیہ کا استعمال کرتا ہے۔ آنکھ کے پاس نظر کی "نعمت" پائی جاتی ہے لیکن کانوں کے پاس ایسی نعمت نہیں ہے۔ تاہم دونوں مِل کر کام کرنے سے ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں۔ اِس طرح کلیسیا میں ہر شخص اپنے کام کو ان نعمتوں کے مطابق کرتا ہے جو اُسے دی گئی ہیں (1 کرنتھیوں 12: 28-30)۔





اس کا مطلب ہے کہ ہم سب ایک دوسرے کی ضرورت ہیں کہ کوئی دوسرے سے بڑا نہیں ہے، اس سے مراد ہر کسی کو دوسروں کی بھلائی کا خیال رکھنا چاہئے، اور ہر ایک کو کلیسیا کے اتحاد کے لئے مل کر کام کرنا چاہئے (1 کرنتھیوں 12: 15-27)

# متحد کرنے والے عنصر



# محبت کی فضیلت

"تم بڑی سے بڑی نعمتوں کی آرزو رکھو لیکن اور بھی سب سے عمدہ طریقہ میں تمہیں بتاتا ہوں" (1 کرنتھیوں 31:12)۔



محبت ایک نعمت نہیں ہے، لیکن "سب سے عمدہ طریقہ ہے (1 کرنتھیوں 31:12)۔ یہ ایمانداروں کی زندگی میں روح القدس کا پھل ہے (گلیتوں 22:5)۔ روحانی نعمتیں صرف محبت کے ذریعے ہی صحیح طریقے سے استعمال کی جاسکتی ہیں۔

| محبت کیا کرتی ہے | محبت کیا نہیں کرتی |
|---|---|
| محبت صابر ہے | حسد نہیں کرتی |
| محبت مہربان ہ | شیخی نہیں مارتی |
| سچائی سے خوش ہوتا ہے | پھُولتی نہیں |
| سب کچھ سہہ لیتی ہے | جھنجھلاتی نہیں |
| سب باتوں کا یقین کرتی ہے | خود غرض نہیں |
| سب باتوں کی اُمید کرتی ہے | طیش میں نہیں آتی |
| سب باتوں کی برداشت کرتی ہے | بغض نہیں رکھتی |
| | بدکاری سے خوش نہیں ہوتی |

غیر زبان بولنے کی نعمت محبت کے بغیر "ٹھنٹھناتا پیتل یا جھنجھناتی جھانجھ " ہے نبوت کی نعمت، علمیات کی نعمت، ایمان کی نعمت محبت کے بغیر کچھ بھی نہیں ہے۔ سخاوت کی نعمت، اور شہادت کی نعمت محبت کے بغیر بے کار ہیں (1 کرنتھیوں 13: 1-3)۔


1 کرنتھیوں 13: 4-7 روحانی نعمتوں کی مشق میں مناسب طرز عمل کے لیے ایک ٹھوس رہنمائی فراہم کرتا ہے:

# خاص نعمتیں



# غیر زبانوں کی نعمت

"اس سبب سے جو بیگانہ زبان میں باتیں کرتا ہے وہ دُعا کرے کہ ترجمہ بھی کر سکے" (1 کرنتھیوں 13:14)۔



پولس رسول زبانوں کی نعمت اور اس کے صحیح استعمال پر زور دیتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کرنتھس کی کلیسیا میں اس کا غلط استعمال کیا جا رہا تھا۔ جس کی وجہ سے جماعت میں خرابی اور الجھن پیدا ہو رہی تھی (1 کرنتھیوں 23:14)۔

زبانوں کی نعمت سے مراد انسانوں یا فرشتوں کی زبانیں بولنے کی صلاحیت ہے، جو انسان نہیں جانتے (1 کرنتھیوں 1:13)۔ جب لوگ کوئی زبان نہ جانتے ہوں تو ترجمے کی ضرورت ہوتی ہے (اعمال 1:8:2؛ 1 کرنتھیوں 2:14، 13۔14، 27۔28)۔

پولس رسول جب کہتا ہے کہ سب لوگوں کو غیر زبان میں بات کرنی چاہئے، تو ان لوگوں کی طرف سے اس کی غلط تشریح کی جاتی ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ ہم سب کو یہ نعمت ملنا لازمی ہے جو کہ غلط ہے (1 کرنتھیوں 14: 5)۔




حقیقت میں یہ آرزو تمام نعمتوں کو گھیرے ہوئے ہے (1 کرنتھیوں 1:14!)۔ پولس رسول پہلے ہی واضح کر چکا ہے کہ "ہر شخص میں روح کا ظہور فائدہ پہنچانے کے لئے ہوتا ہے (1 کرنتھیوں 7:12)۔ لہذا ہر ایک کو ایک جیسی نعمتیں نہیں ملتیں۔

# نبوت کی نعمت

"لیکن جو نبوت کرتا ہے وہ آدمیوں سے ترقی اور نصیحت اور تسلی کی باتیں کرتا ہے" (1 کرنتھیوں 3:14)۔


ہمیں نبوت کی نعمت کو صرف مستقبل کے واقعات کی پیشنگوئی تک محدود نہیں کرنا چاہئے۔ پیشنگوئی کا بنیادی استعمال، صلاح، نصیحت اور تسلی کے لئے ہے (1 کرنتھیوں 3:14)۔



پولس رسول نے نبوت کی نعمت کو سب سے اوپر نمایاں کیا ہے (1 کرنتھیوں 1:14، 4، 22۔25)۔ لیکن وہ یہ بھی تاکید کرتا ہے کہ اسے صحیح طریقے سے استعمال کیا جائے تاکہ ابہام پیدا نہ ہو "مگر سب باتیں شایستگی اور قرینہ کے ساتھ عمل میں آئیں" (1 کرنتھیوں 40:14؛ 1 کرنتھیوں 14: 29۔33)۔



بقیہ کلیسیا کی خصوصی نعمت میں ایلن جی وائیٹ کی زندگی اور کام میں اس کا خاص مظہر تھا (مکاشفہ 17:12؛ 19: 10)۔ لیکن ہم ایک جھوٹے اور سچے نبی کو کس طرح پہچان سکتے ہیں؟





اعلان کردہ مستقبل کے واقعات ـــــ اگر وہ مشروط نہیں ہیں ـــــ تو ضرور پورے ہونا چاہیے (استثنا 22:18؛ یرمیاہ 28: 8-9؛ یوناہ 2:4)۔



اُس کا پیغام پہلے انبیاء کے دیئے ہوئے پیغام سے مطابقت رکھتا ہو۔ (استثنا 13: 1۔3؛ یسعیاہ 20:8)۔



اُسے یسوع مسیح کے مجسّم ہونے کی گواہی لازماً دینا چاہئے (1 یوحنا 4: 1۔3)۔



اس کی زندگی بائبل کے اس پیغام کے مطابق ہونی چاہیے جس کی وہ منادی کرتا ہے۔ (متی 7: 15۔20)۔

"لوگ خُداوند پر بھروسہ کرتے ہوئے خدمت کے لئے نکلیں، اور وہ اُن کے ساتھ ہو گا۔ دلوں کو قائل اور تبدیل کرے گا۔ ایک کارکن اچھا واعظ دے سکتا ہے، دوسرا اچھا مصنف، کوئی سچی اور پرجوش دُعا کی نعمت رکھتا ہو، کوئی گانے کی، کوئی خُدا کے کلام کو وضاحت سے بیان کرنے کی خاص قوت رکھتا ہو۔ اور ہر نعمت خُدا کے لئے قوت بنے، کیونکہ وہ کارگزار کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے ایک کو حکمت کا کلام دیتا ہے، دوسرے کو علم، کسی کو ایمان۔ لیکن سب کو ایک ہی سر کے تحت کام کرنا ہے۔ نعمتوں کا تنوع کاموں کے مختلف ہونے کی طرف لے جاتا ہے "مگر خُدا ایک ہی ہے جو سب میں ہر طرح کا اثر پیدا کرتا ہے (1 کرنتھیوں 6:12)۔

"کوئی شخص کم تر سمجھی جانے والی نعمتوں کو حقیر نہ جانے سب کام میں لگ جائیں۔ کوئی یہ سوچ کر ہاتھ پر ہاتھ دھر نہ بیٹھے کہ وہ کوئی بڑا کام نہیں کر سکتا۔ خود پر نظر رکھنا چھوڑ دو اپنے قائد کی طرف دیکھو۔ فروتنی، خلوص اور محبت کے ساتھ جو کچھ کر سکتے ہو کرو"

ایلن جی وائیٹ روحانی نعمتیں جلد 1 صفحات 5-16